# اساتذہ کے لیے تدریسی خاکہ علم ادب کلاس ۔۸

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | تعارف | استاد اور طلباء کا تعارف | استاد اپنا تعارف کرائے اور جماعت کے ہر طالب علم سے اس کا نام اور اس کے بارے میں ایک دو اور سوالات کرے | |
| ۲ | | | کام کرنے کے اصول | جماعت میں کام کرنے کا طریقہ کار | استاد طلباء کو اپنی تدریسی طریقہ کار سمجھائے۔ | |
| ۳ | | | تجزیاتی ورک شیٹ | پچھلی جماعتوں میں کیے گئے کام کی جانچ | ورک شیٹ کے ذریعے پچھلی جماعتوں کی پڑھائی کی جانچ کی جائے۔ | |
| ۴ | ۱ | ۱ | حمد | طلباء کو خدا کی بخششوں سے آگاہی دینا اور شکر گزاری کا احساس پیدا کرنا<br><br>حمد کی تشریح | سب سے پہلے معلم طلبہ کو اللہ تعالیٰ کے ۹۹ نام اپنے موبائل کے ذریعے یا کسی آڈیو پلیئر کے ذریعے اچھی آواز میں سنوائیں۔بچوں کو بتائیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کے نام ہیں جن سے اللہ تعالیٰ کی صفات معلوم ہوتی ہیں۔معلم طلبہ سے پوچھیں کہ اللہ تعالیٰ کے کتنے نام ہیں؟ آپ میں سے کس کس کو اللہ تعالیٰ کے پورے نام یاد ہیں؟ اگر نہیں تو جو نام یاد ہوں وہ سنے جائیں۔ جب اللہ تعالیٰ کے نام سنوائے جائیں تو ان ناموں کا ترجمہ بھی بتایا جائے۔<br><br>استاد ہر طالب علم سے ایک یا دو شعر کی بلند خوانی کروائے اور الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کروائے۔ اس کے بعد ایک ایک شعر کی تشریح کی جائے۔ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | اس نظم میں شاعر نے اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کرتے ہوئے اپنی بے پناہ محبت کا اظہار اشعار کی صورت میں کیا ہے۔آپ اللہ تعالیٰ کی تعریف کس طرح کریں گے؟ ایک پیراگراف کی صورت میں اللہ تعالیٰ کی صفات اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ |
| ۵ | | | | حمد کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے حمد کی بلند خوانی کروائے تاکہ حمد ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ٦ | | ۱ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>شعر مکمل کروانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے نامکمل اشعار کو مکمل کریں | سوال جواب یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۲ | مشق ۳۔۴ | ردیف/قافیہ<br>لفظوں کو ترتیب سے لکھنا<br>سرگرمی | حمد سے ردیف قافیہ تلاش کر کے لکھیں<br>دیئے گئے لفظوں کو لغت کی ترتیب سے لکھیں<br>طلبہ اس حمد کو ترنم کے ساتھ جماعت میں پڑھیں | مشق ۵۔۶ کر کے لائیں |
| ۲ | | | | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلبہ کو گروپ میں حمد کا خلاصہ لکھنے کے لیے دیا جائے۔ طلبہ کو ہدایات دی جائیں کہ وہ اشعار کی تشریح کو سامنے رکھتے ہوئے حمد کا خلاصہ لکھیں۔ ہر گروپ آپس میں تبادلہ خیال کرتے ہوئے حمد کا خلاصہ لکھے۔ معلم کی معاونت اور رہنمائی شامل رہے۔ ۱۵ سے ۲۰ منٹ بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنا لکھا ہوا خلاصہ جماعت کو سنائے۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | حمد کو زبانی یاد کریں |
| ۳ | ۲ | ۵۔۶ | کوشش کیے جاؤ | مسلسل محنت سے بڑی مشکلیں آسان ہو جاتی ہیں<br>سبق کی پڑھائی | طلبہ کے گروپ بنوائے جائیں اور ان سے رول پلے کروایا جائے۔ معلم طلبہ کو ہدایات دیں کہ وہ گروپ میں آپس میں تبادلہ خیال کر کے ایک چھوٹا سا ڈرامہ یا رول پلے تیار کریں جس میں اس بات کا پیغام دیا گیا ہو کہ ہمت نہیں ہارنی چاہیے اور مایوس ہونے کے بجائے بار بار کوشش کرنی چاہیے۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | کیا کبھی آپ کے ساتھ ایسا ہوا ہے کہ آپ کسی کام کو کرنے میں ناکام ہو گئے ہوں لیکن پھر آپ نے بار بار کوشش کر کے اس کام کو سرانجام دیا ہو اور آپ کو بہت خوشی ہوئی ہو؟ |
| ۴ | | ۷ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>قواعد سے آگاہی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دی گئی قواعد کو سمجھائیں | مشق ۳۔۴ کر کے لائیں |
| ۵ | | ۸۔۹ | مشق ۵۔۶ | قواعد سے آگاہی | دی گئی قواعد کو سمجھائیں اور مشق کروائیں اور دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں | |
| ۶ | | ۹ | مشق ۷۔۸ | قواعد سے آگاہی | دی گئی قواعد کو سمجھائیں اور دونوں مشقیں کروائیں | سوال جواب یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۷ | کوشش کیے جاؤ | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | کسی کام میں ناکامی کی صورت میں آپ نے کیا کیا؟ ہمت ہار دی یا بار بار کوشش کی اور اس کا کیا نتیجہ نکلا؟ تفصیل سے بتایئے<br>ہر بچہ اپنی لکھی ہوئی کہانی جماعت میں بآواز بلند پڑھ کر سنائے<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | ضمیر شخصی کی اقسام یاد کر کے آئیں |
| ۲ | ۳ | ۱۰ تا ۱۲ | مادام رتھ فاؤ | انسانیت کی خدمت کا درس دینا<br>سبق کی پڑھائی | ایک بڑے ہال میں ملٹی میڈیا پر اس شخصیت سے اسکائپ پر انٹرویو لیا جا سکتا ہے۔ جماعت کے تمام بچے باری باری اس شخصیت سے جو سوال کرنا چاہیں کریں۔ طلبہ معلم کی ہدایت پر اپنے سوال پہلے سے تیار کر کے رکھیں۔ اگر اسکائپ پر ممکن نہ ہو تو کسی بھی ایسی شخصیت کو اسکول میں بلایا جا سکتا جہاں طلبہ ان سے سوالات کریں اور اپنی معلومات میں اضافہ کریں۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | انٹرنیٹ کی مدد سے مادام رتھ فاؤ جیسی دوسری کوئی تین شخصیات کے نام اور ان کے بارے میں تین تین لائینیں لکھ کر لائیں |
| ۳ | | ۱۲ | مشق ۲۔۳ | اعراب لگانا۔ قواعد سے آگاہی | دیئے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں۔ دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں | مشق ۱ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۱۳ | مشق ۵۔۶ | تذکیر و تانیث کی پہچان<br>جملوں کی درستگی | تذکیر و تانیث کو جملوں میں استعمال کریں<br>دیئے گئے جملے درست کر کے لکھیں | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۵ | | ۱۴ | مشق ۷ | قواعد سے آگاہی<br>سرگرمی | دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔ (سرگرمی: کیا آپ نے کبھی کسی کی خدمت کی ہے یا کسی کے کام آئے ہیں یا کسی کی تیمارداری کی ہو یا کبھی کوئی فلاحی کام کیا ہو؟ اس کے بارے میں جماعت میں سب کے سامنے آ کر بتائیں۔ | مشق ۸ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | | | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | آپ بڑے ہو کر کن شعبوں کا انتخاب کریں گے جس سے اہلِ وطن کی خدمت ہو سکے؟ یا آپ کوئی ایسا شعبہ اپنائیں گے جس سے دوسروں کی مدد ہو؟ ایک پیراگراف لکھ کے استاد کو دکھائیں اور استاد جماعت میں میں نام کے ساتھ ہر پرچے کو پڑھیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مادام رتھ فاؤ کی تصویر اپنی کاپی میں لگائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اوران کی جانچ | |
| ۳ | ۴ | ۱۵ تا ۱۷ | اردو ہے جس کا نام | اردو زبان کی اہمیت وافادیت بتانا<br><br>سبق کی پڑھائی | معلم کے لیے اگر ممکن ہوتو وہ پہلے مختلف ممالک کی بولیاں کسی آڈیو پلئیر پر سنوائیں یا چھوٹی سی ایک پیشکش دکھائیں جس میں مختلف ممالک کے لوگ اپنی اپنی بولیوں میں ایک ہی بات کہہ رہے ہوں جیسے سلام وغیرہ۔سب ایک ہی بات مختلف انداز میں کررہے ہوں۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلندخوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | اپنی پسند کے کسی ایک مصنف ،ادیب یا شاعر کے بارے میں ایک پیراگراف لکھ کر لائیے جس میں ان کے طرز تحریر پر بھی تبصرہ کیجیے: |
| ۴ | | ۱۸ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کرکے تحریر کریں | مشق ۲۔۳ کرکے لائیں |
| ۵ | | ۱۹ | مشق ۴۔۶ | مشتق کی پہچان۔جملوں کی درستگی | دی گئی قواعد کو سمجھائیں اور مشق کروائیں۔دیئے گئے جملوں کو درست کرکے لکھیں | مشق ۵ کرکے لائیں |
| ۶ | | | | سرگرمی | سب سے پہلے معلم طلبہ کو بتائیں کہ اردو زبان کے فروغ اوراس کو بنانے سنوارنے میں مختلف شخصیات نے اردو کے جس میدان میں طبع آزمائی کی وہ تھا اردو ادب۔تختہ تحریر پر ایک چارٹ بنائیں جس میں تمام اصناف ادب لکھیں۔<br>**نثر:داستان،ناول،سوانح عمری،افسانہ،ڈرامہ،سفرنامہ،خطوط،مضمون**<br>**شاعری:حمد،نعت،مرثیہ،منقبت،مناجات،مثنوی،رباعی،قطعہ**<br>اس کے بعد طلبہ کے گروپ بنوائے جائیں۔کم ازکم پوری جماعت کو چھ گروپ میں تقسیم کیا جائے۔ہرگروپ سے کہا جائے کہ وہ کسی بھی ایک صنف کو چن کراس پر کام کرے۔یعنی جو گروپ مضمون لکھنا چاہتا ہو وہ مضمون لکھے۔جو گروپ خط لکھنا چاہتا ہو وہ خط لکھے، جو حمد لکھنا چاہتا ہو وہ حمد لکھے۔اسی طرح ہرگروپ کسی ایک صنف کے حوالے سے کام کرے۔ ہر بچے کو آزادی دی جائے کہ وہ اپنی پسند کے گروہ میں شامل ہوجائے اوراپنی دلچسپی کے مطابق کام کرے۔ | مشق ۷ کرکے لائیں<br><br>اردو ادب کی ساری اصناف کے نام یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پانچواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | اردو ہے جس کا نام | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت میں ادب کا دن منایا جائے، ہر طالب علم انفرادی طور پر اپنی پسند کا کوئی بھی ایک شعر، نظم، غزل، قطعہ، نعت، مرثیہ یا حمد جماعت میں سب کے سامنے سنائے۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | اردو ادب کے پانچ شعرا اور پانچ ادیب کی تصاویر انٹرنیٹ کی مدد سے تلاش کریں اور کاپی میں لگائیں |
| ۲ | ۵ | ۶۲ | تتلی | تتلی کے حسن و آرائش سے طلبہ کو متعارف کروانا<br>نظم کی تشریح | معلم طلبہ کو ایک ویڈیو دکھائیں جو ''یو۔ٹیوب'' پر موجود ہے۔اس میں تتلی کے بارے میں کافی معلومات بتائی گئی ہیں۔جب طلبہ ویڈیو دیکھ لیں تو معلم طلبہ سے ''تتلی'' کے حوالے سے بتائی گئی معلومات کے بارے میں سوالات کریں اور یہ کہ انہوں نے اس دستاویزی فلم سے کیا سیکھا؟ تتلی کس طرح ایک پھول سے دوسرے پھول پر بیٹھتی ہے اور کس طرح وہ انڈے سے نکلتی ہے وغیرہ۔وہ چار مرحلوں سے گزر کر اصلی حالت میں آتی ہے؟<br>اس کے بعد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائی جائے۔ہر بچہ باری باری نظم کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے اور جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔استاد اس کا مطلب بتائیں۔دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ کو جو دستاویزی فلم دکھائی گئی یا جو تتلی کے بارے میں بتایا گیا، اس کے علاوہ جو کچھ آپ نے نظم سے سیکھا۔ان سب معلومات کو یکجا کر کے ''تتلی'' پر ایک جامع پیراگراف لکھیے: ( انٹرنیٹ یا کسی اور کتاب سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔) |
| ۳ | | ۶۳ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۳ | ردیف اور قافیہ لکھنا | دیئے اشعار میں سے ردیف اور قافیہ تلاش کر کے لکھیں | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۵ | | | مشق ۵ | اشعار کی تشریح | دیئے گئے اشعار کی تشریح کریں | مشق ۶ کر کے لائیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦ | ۵ | | تتلی | سرگرمی<br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلبہ کو چار چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے۔معلم طلبہ سے ایک پیرا گراف لکھنے کے لیے کہیں جس کا عنوان یہ ہو<br>''اگر میں تتلی ہوتی / ہوتا<br>ہر گروپ اس عنوان پر پیرا گراف لکھے۔معلم کی معاونت اور رہنمائی شامل ہو۔معلم ہر گروپ میں باری باری جائیں اور طلبہ کی رہنمائی کریں۔دس سے پندرہ منٹ بعد ہر گروپ سے ایک بچہ اپنا لکھا ہوا پیرا گراف جماعت میں پڑھ کر سنائے۔جس گروپ کا سب سے اچھا پیرا گراف ہو اسے سوفٹ بورڈ پر لگایا جائے۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۲۳ تا ۲۶ | نادان دوست | سوچے سمجھے بغیر کوئی بھی کام انجام نہیں دینا چاہیے | سب سے پہلے معلم ایک کل جماعتی گفتگو میں طلبہ سے انفرادی طور پر پوچھیں کہ کیا آپ کے ساتھ کبھی ایسا ہوا کہ آپ نے کوئی ایسی حرکت کی ہو جس پر آپ کی امی نے آپ کو ڈانٹا ہو؟ کوئی ایسی شرارت جو آپ کو یاد ہو؟ کوئی ایسا کام جس کو کر کے آپ کو نقصان ہوا اور آپ آج تک شرمسار ہوں؟ آپ نے کوئی ایسا کام کیا ہو جس سے دوسرے کو نقصان پہنچا ہو اور آپ کو اس کا ملال ہو؟ طلبہ سے رائے لی جائے۔ ہر بچے کو موقع دیا جائے کہ وہ اپنا کوئی دلچسپ واقعہ سنائے۔ جتنا بھی وقت لگے بچوں کو بولنے کا موقع دیا جائے۔ معلم دلچسپی سے ان کے واقعات سنیں۔ جب تمام بچے اپنے واقعات سنا چکیں تو معلم موضوع کی طرف آتے ہوئے طلبہ کو بتائیں کہ بعض اوقات بچپن میں ہم سے نادانستگی میں کچھ ایسے واقعات یا کام سرزد ہو جاتے ہیں جس کی بنا پر کبھی کبھی ہمیں نقصان اٹھانا پڑتا ہے اور پھر ہمیں اس بات کا افسوس بھی رہتا ہے۔ اسی طرح کا ایک واقعہ یا کہانی ہم آج پڑھیں گے جس میں دو بچوں نے نادانستگی میں ایسا کام کیا جس سے بعد میں وہ بہت پچھتائے۔ اس کے بعد سبق کو پڑھائیں اور مصنف کا تعارف بھی دیں | اپنے پسندیدہ پرندے کے بارے میں بتائیں جسے آپ پالنا چاہتے ہوں۔ وجہ پسندیدگی بھی بتائیں اور ساتھ تصویر بھی بنائیں۔ |
| ۲ | | <br>۲۷ | <br>مشق ۲ | سبق کی پڑھائی<br>ضمیر استفہام کا استعمال | استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دوران بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔<br>دی گئی عبارت میں ضمیر استفہام استعمال کر کے اس کو مکمل کریں | کوئی ایسا واقعہ لکھیے جب آپ نے کسی جانور یا پرندے کے ساتھ اچھا سلوک کیا ہو؟ |
| ۳ | | ۲۷ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۲۸۔۲۹ | مشق ۴۔۶ | زمانے کی اقسام کی پہچان<br>محاورے کی درستگی | دی گئی قواعد کو تفصیلاً سمجھائیں اور مشق کروائیں<br>دیئے گئے محاروں کو درست کر کے لکھیں | مشق ۵ کر کے لائیں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | | | | سرگرمی<br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلبہ کو بتائیں کہ ''نادان دوست سے دانا دشمن بہتر ہے'' یہ ایک ضرب المثل ہے اور اس کے معنی یہ ہیں کہ بے وقوف دوست سے عقلمند دشمن کی نسبت زیادہ نقصان پہنچتا ہے مطلب یہ ہوا کہ بعض اوقات لوگ ہماری ہمدردی کے چکر میں ہمیں نقصان پہنچا دیتے ہیں۔ جس طرح اس کہانی میں ہوا کہ بچوں نے تو چڑیا کے ساتھ نیکی کی اور اس کے ساتھ اچھا کرنے کی کوشش کی لیکن اس سے الٹا چڑیا کو نقصان ہو گیا۔ اس کے علاوہ یہ سبق بھی ملتا ہے کہ ضروری نہیں کہ جو کام آپ کی دانست میں اچھا ہو وہ حقیقت میں بھی اچھا ثابت ہو۔ طلبہ سے کہا جائے کہ وہ اس ضرب المثل پر ایک کہانی لکھیں۔ معلم کی رہنمائی اور معاونت شامل رہے۔ تمام بچوں کو ایک ایک پرچہ دیا جائے جس پر وہ کہانی لکھیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ے کر کے لائیں<br>اوقاف (علامات) کی اقسام کو یاد کریں اور انکے صحیح طریقہِ استعمال سیکھیں |
| ۶ | ۷ | ۳۰ تا ۳۲ | پانی پر شہر: وینس | دنیا میں موجود ایک نئے شہر کا تعارف<br><br>سبق کی پڑھائی | طلبہ سے پوچھیں کہ کیا آپ نے کبھی ایک شہر سے دوسرے شہر سفر کیا ہے؟ کیا کبھی آپ کو ملک سے باہر جانے کا اتفاق ہوا ہے؟ کس جگہ گئے؟ کون سی جگہیں دیکھیں؟ سب سے اچھی جگہ کون سی لگی؟ سفر کیسا رہا؟ سفر کے حوالے سے کوئی دلچسپ بات؟ کہاں جانے کا شوق ہے؟ ملک میں یا ملک سے باہر کون سے ایسے مقامات ہیں جہاں جانے کا آپ کا دل چاہتا ہے؟ طلبہ اپنی اپنی رائے دیں۔ تمام طلبہ کو بولنے کا موقع دیا جائے۔ ان کی باتوں کو دلچسپی سے سنا جائے۔ جو بچے کہیں گئے ہوں گے وہ جواب دیں گے۔ طلبہ سے ان کے پسندیدہ مقامات کے بارے میں پوچھتے ہوئے معلم انہیں موضوع کی طرف لائیں اور بتائیں کہ آج ہم آپ کو یورپ کی سیر پر لے کر جا رہے ہیں اور ایک ایسے شہر کے بارے میں بتائیں گے جو اپنی نوعیت کا ایک انوکھا اور منفرد شہر ہے۔ یہ اٹلی کا شہر ہے اور اس کے بارے میں پڑھ کر آپ کو بڑی دلچسپ باتیں معلوم ہوں گی۔ ساتھ ہی ہم اس شہر کے مختلف مقامات کے بارے میں بھی جانیں گے۔ طلبہ اس شہر کا نام خود بتائیں۔ (طلبہ کو ملٹی میڈیا یا کمپیوٹر پر اس شہر سے متعلق ایک چھوٹی سی ڈاکومنٹری ضرور دکھائیں۔ یوٹیوب سے مدد لی جائے تاکہ اس شہر کی انفرادیت اور خوبصورتی کو بچے واضح طور پر دیکھ سکیں۔)<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | اپنے پسندیدہ شہر یا مقام کے بارے میں بتائیے جہاں آپ جا چکے ہوں یا آپ جانا چاہتے ہوں ساتھ ہی وجہ پسندیدگی سے بھی آگاہ کیجیے:<br><br>وینس شہر کی کوئی تصویر انٹرنیٹ سے تلاش کر کے اپنی کاپی میں لگائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۷ | ۳۳ | پانی پر شہر: وینس<br>مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>خالی جگہ بھروانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے خالی جگہ کو سبق کی مدد سے بھریں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۲ | | ۳۴ | مشق ۳۔۴ | قواعد سے آگاہی | دی گئی قواعد کو سمجھائیں اور دونوں مشقیں کروائیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۳ | | ۳۵ | مشق ۷ | سرگرمی | طلبہ کو انفرادی طور پر ایک مضمون لکھنے کے لیے دیا جائے۔ایک ایک کمپیوٹر پیپر یا کوئی پرچہ دیا جائے اور طلبہ سے کہا جائے کہ وہ مشق نمبر ۷ پر دیا گیا مضمون لکھیں۔معلم کی معاونت اور رہنمائی شامل رہے۔معلم طلبہ کو ہدایات دیں اور مضمون لکھنے کا طریقہ کار طلبہ پر واضح کریں۔ایک مضمون تین پیراگراف پر مشتمل ہوتا ہے۔پہلا تعارفی پیراگراف ہوتا ہے۔دوسرے پیراگراف میں تفصیل لکھی جاتی ہے اور تیسرے پیراگراف میں اختتام ہوتا ہے۔طلبہ اپنے شہر کے بارے میں مضمون لکھیں۔اس میں موجود مقامات کے بارے بتائیں اور اس کی خصوصیات کے بارے میں لکھیں۔ممکن ہو تو تصاویر بھی بنائی جاسکتی ہیں۔ | وینس شہر کی کوئی تصویر انٹرنیٹ سے تلاش کر کے اپنی کاپی میں لگائیں |
| ۴ | | | | سرگرمی<br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | سبق کے اختتام پر طلبہ سے چند سوالات کئے جائیں گے مثلاً:<br>۱۔وینس کا نام کس سے اخذ کیا گیا ہے؟ ۲۔وینس میں بذریعہ سڑک آمدورفت کا آغاز کب کیا گیا؟ ۳۔وینس کی سب سے منفرد اور انوکھی بات کیا ہے؟ ۴۔وینس کے کوئی تین مقامات کے نام بتایئے؟ ۵۔وینس کو کس قسم کا شہر کہا جاتا ہے؟<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | سبق میں دے گئی تمام قواعد کی گھر میں مشق کریں |
| ۵ | ۸ | ۳۶ | دیہات کی ایک شام | دیہات کے معمولات زندگی سے آگاہ کرنا<br>نظم کی تشریح | بچوں سے پوچھیں کہ اگر آپ کو موقع دیا جائے کہ کسی ایک جگہ رہائش اختیار کریں تو آپ شہر میں رہنا پسند کریں گے یا دیہات میں؟ وجہ بھی بتایئے۔<br>اس کے بعد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائی جائے۔ہر بچہ باری باری نظم کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے اور جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔اور مطلب بتائیں۔دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | نظم کو زبانی یاد کریں |
| ۶ | ۸ | ۳۷ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اوران کی جانچ | |
| ۳ | ۸ | ۳۷۔۳۸ | دیہات کی ایک شام<br>مشق ۳۔۴ | ردیف اور قافیہ لکھنا<br>حرف عطف کی پہچان | نظم کے آخری شعر سے ردیف اور قافیہ تلاش کر کے لکھیں<br>حرف عطف لگا کر جملے مکمل کریں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۳۸ | مشق ۶۔۸ | اشعار کی تشریح۔خالی جگہ بھروانا | دیئے گئے شعر کو اپنے الفاظ میں لکھیے۔نظم کی مدد سے خالی جگہ بھریں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۵ | ۸ | | دیہات کی ایک شام | سرگرمی<br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے۔معلم تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں۔ایک گروہ شہری زندگی کے حق میں دلائل دے۔اور دوسرا گروہ دیہاتی زندگی کے حق میں دلائل دے۔معلم دونوں گروہوں کے بتائے ہوئے نکات تختہ تحریر پر لکھیں۔جب طلبہ اپنے تمام نکات بتا چکیں تو آخر میں معلم ایک کل جماعتی گفتگو میں اپنی رائے دیں اور بتائیں کہ دیہاتی اور شہری زندگی میں اپنی اپنی جگہ خرابیاں بھی ہیں اور خوبیاں بھی ہیں مگر پھر بھی دیہاتی زندگی بہت بہتر اور مناسب ہے۔دیہات کی فضا اور ماحول میں راحت،سکون اور اطمینان ہوتا ہے یہاں کے ماحول میں ہر طرف لطافت پائی جاتی ہے جبکہ شہروں میں شور وغل، ہنگامہ اور فساد کے ساتھ ساتھ بسوں، گاڑیوں اور کارخانوں کے دھوئیں سے ماحولیاتی آلودگی ہوتی ہے۔اس کے علاوہ دیہات میں خالص چیزیں کھائی جاتی ہیں۔بہر حال شہر میں مشینوں کے سبب لوگوں کی زندگی آسان ہوگئی ہے۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | آپ کے خیال میں کون سی زندگی بہتر ہے؟ شہری یا دیہاتی؟ پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیے۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦ | ۹ | ۳۹۔۴۰ | جرنیلی سڑک<br>(جی۔ٹی۔روڈ) | پاکستان کی ایک قدیم شاہ راہ کے بارے میں جاننا<br><br>سبق کی پڑھائی | معلم طلبہ سے انفرادی طور پر چند سوالات کریں مثلاً آپ گھر سے اسکول آنے تک کن کن سڑکوں سے گزرتے ہیں؟ سڑکیں کیوں بنائی جاتی ہیں؟ سڑکوں کو نام کیوں دیے جاتے ہیں؟ اگر ہمارے ملک یا شہر میں سڑکیں نہ ہوں تو کیا ہوگا؟ جو سڑکیں بہت بڑی ہوتی ہیں انہیں کیا کہتے ہیں؟ پاکستان کی سب سے بڑی شاہراہ کون سی ہے؟ طلبہ سے سڑکوں کی اہمیت اور ضرورت پر رائے لی جائے۔ طلبہ کو بتائیں کہ سڑکیں کسی بھی ملک، صوبے اور شہر کی ترقی کی ایک علامت ہوتی ہیں۔ یہ اس لیے بنائی جاتی ہیں تاکہ نقل وحمل آسانی کے ساتھ ہو۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ آسانی سے جایا جاسکے اور سامان لے جایا جاسکے۔ اس کے علاوہ یہ سڑکیں ایک شہر کو دوسرے شہر، ایک صوبے کو دوسرے صوبے حتیٰ کہ ایک ملک کو دوسرے ملک سے ملانے کا بھی ایک اہم ذریعہ ہیں۔ سڑکوں کے ذریعے آمدورفت اور تجارت کو بھی فروغ ملتا ہے۔ اس کے بعد سبق کو پڑھائیں۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | دنیا کی پانچ بڑی شاہراہوں کے نام لکھیے اور بتائیے کہ یہ کہاں سے گزرتی ہیں اور کن ممالک یا شہر کو آپس میں ملاتی ہیں؟ (انٹرنیٹ سے مدد لی جاسکتی ہے) |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۹ | ۴۰-۴۱ | جرنیلی سڑک<br>مشق ۱-۲ | سوالات کے جوابات<br>ضمیر تنکیر کی پہچان | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>خالی جگہوں کو ضمیر تنکیر سے مکمل کریں | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۲ | | ۴۱ | مشق ۴-۶ | مصدر کی پہچان<br>املا کی درستگی | دیئے گئے حروف میں سے حرف مصدر علیحدہ کریں<br>املا کو درست کر کے جملے دوبارہ لکھیں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۳ | | | | سرگرمی | طلبہ گھر سے پاکستان کے نقشے کا نمونہ لے کر آئیں اور جماعت میں استاد کی رہنمائی میں اپنی کاپی میں پاکستان کا نقشہ بنائیں تمام صوبوں کی واضح طور پر نشاندہی کریں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۴ | | | | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلبہ کو دو ٹیموں میں تقسیم کریں اور جماعت میں ایک کوئز منعقد کروائیں جس میں طلبہ ایک دوسرے سے پاکستان کے متعلق سوال کریں گے۔ طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ گھر سے سوالات بنا کر لائیں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | CPEC کیا ہے؟ انٹرنیٹ کی مدد سے مختصراً لکھ کر لائیں |
| ۵ | ۱۰ | ۴۲ تا ۴۴ | انٹرنیٹ | انٹرنیٹ کے فوائد و نقصانات بتانا<br>سبق کی پڑھائی | جماعت میں لیپ ٹاپ لا کر انٹرنیٹ کا استعمال کرتے ہوئے تمام applications دکھائی جا سکتی ہیں۔ یہ تمام چیزیں ملٹی میڈیا پر دکھائی جائیں تا کہ طلبہ کو واضح ہو جائے۔ اس کے بعد سبق پڑھایا جائے۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ کے خیال میں ہم انٹرنیٹ کے استعمال کو کس طرح موثر یا فائدہ مند بنا سکتے ہیں؟ تجویز دیجیے: |
| ۶ | | ۴۴ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

دسواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۰ | ۴۵ | مشق ۲۔۳ | مترادفات لکھنا<br>مرکب ناقص اور مرکب تام کی پہچان | دیئے گئے لفظوں کے مترادفات لکھیے<br>مرکب ناقص اور مرکب تام الگ کیجیے | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۲ | | | مشق ۶ | املا کی درستگی | دیئے گئے املا کو درست کر کے لکھیں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۳ | | | | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلبہ میں کمپیوٹر پیپر (آدھے تراشے ہوئے پرچے) تقسیم کیے جائیں گے اور طلبہ سے کہا جائے گا کہ وہ ان سوالات کا جواب تحریر کریں۔ آپ کے خیال میں انٹرنیٹ کا سب سے بہترین استعمال کیا ہے؟ انٹرنیٹ کے ذریعے جو applications استعمال ہوتی ہیں جیسے اسکائپ، وائبر، فیس بک وغیرہ اس میں سب سے اچھی چیز آپ کو کیا لگتی ہے اور کیوں؟ وجہ بھی لکھیے<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۴ | ۱۱ | ۴۶۔۴۷ | پاکستان کے شہری اعزازات | قومی اعزازات کا تعارف<br>سبق کی پڑھائی | طلبہ کو انٹرنیٹ کی مدد سے یوٹیوب میں موجود کوئی ایسی ویڈیو یا دستاویزی فلم دکھائی جاسکتی ہے جو ان شہری اعزازات اور اسے پانے والی شخصیات کے بارے میں ہو یا سلائیڈ شو (slide show) کی مدد سے معلم خود کوئی ایک پیشکش تیار کریں جس میں ان اعزازات کو دکھایا گیا ہو اور اسے پانے والی شخصیات کے بارے میں لکھا ہو کہ ان کے کس کارنامے پر یہ اعزاز انہیں دیا گیا ہے۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ بڑے ہو کر کس شعبے کو منتخب کریں گے یا کون سا شعبہ ایسا ہے جس میں آپ کی دلچسپی ہے اور آپ اس میں کوئی کارنامہ انجام دینا چاہتے ہیں یا اپنے ملک کو فائدہ پہنچانا چاہتے ہیں؟ |
| ۵ | | ۴۸ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۶ | | | مشق ۳۔۴ | مرکب الفاظ اور اسم معرفہ کی یاد دہانی | فارسی علامات کو ہٹا کر مرکب الفاظ بنائیں۔ اسم خاص کو الگ الگ خانوں میں لکھیں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## گیارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۱ | ۴۹ | مشق ۶۔۷ | خالی جگہ بھروانا<br>ضمیر موصول کا استعمال | دی گئی خالی جگہ کو مناسب ضمیر لگا کر پر کریں<br>جملوں کو ضمیر موصول لگا کر مکمل کریں | مشق ۸ کر کے لائیں |
| ۲ | | | | سرگرمی<br><br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلبہ کے چار گروپ بنائے جائیں اور ان سے کمپیوٹر کی سرگرمی کروائی جائے۔ ہر گروپ کو ایک ایک شہری اعزاز کے بارے میں پیشکش تیار کرنے کے لیے کہا جائے۔ جس میں وہ اس شہری اعزاز کی تصویر اور اس اعزاز کو پانے والے افراد کے نام۔ تصاویر اور ان کے بارے میں چند جملے انٹرنیٹ کی مدد سے حاصل کریں اور سلائیڈ شو کے طور پر ایک پیشکش تیار کریں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | سبق میں دیئے گئے تمام اعزازات کے تصویر کاپی میں لگائیں (انٹرنیٹ سے مدد لی جاسکتی ہے) |
| ۳ | ۱۲ | ۵۰ | گلاب کا پھول | پھولوں کی اہمیت بتانا<br><br><br>نظم کی تشریح | معلم طلبہ کو ایک خوبصورت باغ کی سیر کروائیں۔ اگر باغ اسکول میں موجود ہو تو ٹھیک ہے ورنہ کسی بھی خوبصورت باغ کی تصویر دکھائی جائے۔ اور طلبہ سے سوالات کیے جائیں مثلاً یہ باغ اتنا خوبصورت کیوں نظر آرہا ہے؟ کون سی چیز اسے سب سے زیادہ خوبصورت بنا رہی ہے؟ باغ میں کیا چیز سب سے نمایاں ہے اور اسے دلکش بنا رہی ہے؟ طلبہ سے رائے لی جائے۔ (اگر بچوں کو باغ لے جایا گیا ہے تو انہیں واپس جماعت میں لاکر بقیہ گفتگو کی جائے)۔ اس کے بعد نظم پڑھائی جائے۔<br>اس کے بعد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائی جائے۔ ہر بچہ باری باری نظم کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے اور جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔ استاد اس کا مطلب بتائیں۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ کا پسندیدہ پھول کون سا ہے؟ پسندیدگی کی وجہ بھی بتایئے: اور اس پھول کی تصویر بھی بنائیں یا اگر ممکن ہو تو اصل پھول کی پتیاں کاپی میں لگائیں |
| ۴۔۵ | | ۵۱ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۵۲ | مشق ۴۔۵ | اعراب لگانا۔ واحد جمع کا جملوں میں استعمال | دیئے گئے الفاظ پر اعراب لگائیں۔<br>واحد الفاظ کو جمع اور جمع الفاظ کو واحد میں تبدیل کر کے جملے بنائیں | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### بارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۲ | ۵۲ | مشق ۶ | اشعار کی تشریح | دیئے گئے اشعار کی تشریح کریں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۴ | | | | سرگرمی<br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت میں مختلف جگہوں پر ایک ایک میز رکھی جائے گی۔ (یہ سرگرمی جماعت کے علاوہ کسی کھلی جگہ پر بھی کروائی جا سکتی ہے۔) پہلی میز پر اصلی گلاب کا پھول رکھا ہو اور پھول کے ساتھ کانٹے دار ٹہنی بھی لگی ہوئی ہو۔ دوسری میز پر گلاب کے پھول کے بارے میں معلومات یا تفصیل جو کمپیوٹر سے حاصل کی گئی ہوں۔ ایک پرچے پر درج ہوں۔ تیسری میز پر گلاب کے مختلف رنگوں کے پھول اگر دستیاب ہوں تو رکھ جائیں۔ چوتھی میز پر ہاتھ سے بنی یا کمپیوٹر سے حاصل کی گئیں گلاب کی تصاویر رکھی ہوں۔ طلبہ سے کہا جائے کہ باری باری ایک ایک میز کی طرف جائیں اور وہاں رکھی چیزوں کا مشاہدہ کریں۔ ہر بچے کو ایک ایک ورک شیٹ دی جائے گی۔ اس ورک شیٹ پر میز نمبر ا۔ میز نمبر ۲، میز نمبر ۳، میز نمبر ۴، لکھا ہوگا۔ معلم طلبہ کو ہدایات دیں کہ جو کچھ انہوں نے دیکھا، سیکھا اور سمجھا وہ اپنی ورک شیٹ پر تحریر کریں۔ یعنی میز پر رکھی ان چیزوں کے حوالے سے اپنی رائے دیں۔ طلبہ کو یہ ورک شیٹ انفرادی طور پر حل کرنے کے لیے دی جائے۔ طلبہ اپنی اپنی ورک شیٹ حل کریں اور میز پر رکھی چیزوں پر اپنی رائے دیں۔ معلم کی معاونت شامل رہے۔<br><br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | " کیا آپ اس بات سے متفق ہیں کہ ''گلاب پھولوں کا بادشاہ ہے''۔ ہاں اور نہیں دونوں صورتوں میں وجہ بتایئے |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۳ | ۵۳تا۵۵ | ایک ماہر کیمیا دان: لوئی پاسچر | ایک ماہر کیمیا دان کا تعارف<br><br>سبق کی پڑھائی | سب سے پہلے معلم طلبہ سے انفرادی طور پر سوال کریں کہ کیا آپ کسی ایسی شخصیت کو جانتے ہیں جنہوں نے سائنس کی دنیا میں تہلکہ مچایا ہو؟ طب کے میدان میں کوئی ایسی چیز ایجاد کی ہو یا کوئی ایسا کارنامہ انجام دیا ہو جس سے پوری انسانیت کو فائدہ ہوا؟ کوئی ایسا کیمیا دان یا طبیعات دان جس کے بارے میں آپ جانتے ہوں؟ طلبہ سے رائے لی جائے اوران کی سابقہ معلومات کی جانچ کی جائے جب تمام طلبہ اپنی رائے دے چکیں تو معلم انہیں ایک ڈاکومنٹری دکھائیں یا خود ایک پیشکش تیار کریں جس میں دنیا کے ان چند نامور سائنسدان یا کیمیا دان یا طبیعات دان کے بارے میں بتایا گیا ہو جنہوں نے انسانیت کے فائدے کے لیے کوئی کام کیا ہو یا کوئی ایسی ایجاد کی ہو جس سے انسانیت کو فائدہ ہوا ہو۔ یہ ڈاکومنٹری طلبہ کو کمپیوٹر پر دکھائیں۔ (ڈاکومنٹری یوٹیوب سے حاصل کی جا سکتی ہے) اس کے بعد سبق پڑھائیں<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ کو سائنس کا مضمون کیسا لگتا ہے ؟ آپ بڑے ہو کر کون سا پیشہ اختیار کرنا چاہتے ہیں اور کس شعبے میں اپنا نام کمانا چاہتے ہیں؟ |
| ۶ | | ۵۵ | مشق ۱ | سوالات کے جوابات | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیادِاول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیرھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۳ | ۵۶ | مشق ۳ | مرکب اضافی کی پہچان | دی گئی قواعد کو سمجھائیں اور مشق کروائیں | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۲ | | | مشق ۵ | املا کی درستگی | دی گئی ضرب الامثال میں موجود غلطیاں درست کر کے لکھیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۳ | | | | سرگرمی<br><br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے گا پہلے گروپ کے تمام بچے لوئی پاسچر کے بارے میں سبق میں موجود تمام معلومات اچھی طرح پڑھیں جبکہ دوسرے گروپ کے بچے لوئی پاسچر کے سبق کے حوالے سے سوالات تیار کرے۔ پہلے گروپ سے ایک بچہ کو چن کر ’’لوئی پاسچر‘‘ کی شخصیت بنا کر کرسی پر بٹھایا جائے اور باقی تمام بچے اس کے گرد کھڑے ہو کر جوابات دینے میں اس کی مدد کریں۔ اس کے بعد سوالات پوچھنے والا گروپ سوال پوچھے گا اور کرسی پر بیٹھا بچہ جواب دے گا اگر اس کو مشکل پیش آئی تو وہ اپنے ساتھیوں سے مدد لے گا۔ اس طرح ان سوالات و جوابات کی سرگرمی سے سبق کی اچھی طرح دہرائی ہو جائے گی۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۴ | ۱۴ | ۱۱۰-۱۱۱ | مچھر | خواجہ حسن نظامی کے کلام کی شگفتگی اور جزئیات کا تعارف | بھن بھن کرتا جاتا ہے　　نیند وہ سب کی اڑاتا ہے<br>لہو بھی دیکھو چراتا ہے　　گر مارو تو ہاتھ نہ آتا ہے<br>بینڈ وہ سب کی بجاتا ہے　　بیماریاں بھی خوب پھیلاتا ہے (مچھر)<br>بچوں سے پہیلی کے انداز میں یہ پوچھیں کیونکہ یہ ایک مزاحیہ تحریر ہے اس لیے آغاز مزاحیہ انداز میں کریں۔<br>طلبہ کو مختلف حشرات الارض پر مبنی ایک چھوٹی سے دستاویزی فلم دکھائی جا سکتی ہے جن میں چند حشرات الارض کے بارے میں بتایا گیا ہو یا چند حشرات الارض کے بارے میں معلومات ایک پرچے پر تحریر کی جائے اور طلبہ کو گروپ میں پڑھنے کے لیے دی جائیں۔ اس کے بعد سبق پڑھایا جائے۔ | کسی بھی ایک حشرات الارض کے بارے میں معلومات اکٹھی کیجیے اور اسے ایک پیراگراف کی شکل میں لکھ کر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔ تصویر بھی بنائیے یا لگائیے: |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۴ | | مچھر | سبق کی پڑھائی | چونکہ یہ ایک مزاحیہ تحریر ہے اور اس میں نئے الفاظ کا زیادہ استعمال ہوا ہے لہٰذا بلند خوانی بھی کروائی جا سکتی ہے۔ جماعت میں ہر بچے سے سبق کا کچھ حصہ پڑھوایا جائے۔معلم ساتھ ساتھ نئے الفاظ کے معانی بھی سمجھاتے جائیں اوراس مزاحیہ تحریر کو سمجھنے میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔اس کے علاوہ طلبہ سے کہا جائے کہ وہ سبق کے اہم نکات خط کشید کریں۔<br>سبق کے اختتام پر طلبہ کی رائے لی جائے اوراہم نکات پوچھے جائیں۔ضرورت پڑنے پر معلم اپنی بھی رائے دیں۔ | |
| ٦ | | ۱۱۲ | مشق ا۔۲ | سوالات کے جوابات، خالی جگہ بھروانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔سبق کی مدد سے خالی جگہ بھریں | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | ۱۴ | ۱۱۲ | مشق ۳ | حروف فجائیہ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | حروف فجائیہ کو استعمال کرتے ہوئے پانچ جملے بنائیے<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۲ | | | | سرگرمیاں | ۱) طلبہ کے گروپ بنوائے جائیں۔ جماعت میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر چارٹ پیپر آویزاں کیے جائیں جن میں چند حشرات الارض کے بارے میں معلومات لکھی گئی ہوں۔ ہر چارٹ پیپر پر کسی ایک کے بارے میں لکھا ہو اور اس کی تصویر بھی ہو۔ ہر گروپ سے کہا جائے کہ وہ باری باری ایک ایک چارٹ پیپر پر درج معلومات پڑھے۔ ہر گروپ کو پانچ سے دس منٹ دیے جائیں کہ وہ چارٹ پیپر پر درج معلومات پڑھ لے۔ آخر میں معلم ایک کل جماعتی گفتگو میں ان کے متعلق چند سوالات کریں تا کہ اندازہ ہو کہ طلبہ نے کتنی معلومات حاصل کیں۔ ۲) ''مچھر'' کے حوالے سے کوئی مزاحیہ رول پلے کروایا جا سکتا ہے۔ جیسے دو بچے ہوں جن میں سے ایک ''مچھر'' بن جائے اور دوسرا بچہ انٹرویو لینے والا۔ انٹرویو لینے والا بچہ سوال کرتا جائے اور مچھر اپنے انداز سے جواب دیتا جائے۔ مثلاً انٹرویو لینے والا سوال پوچھے کہ آپ ہمیں کیوں کاٹتے ہیں؟ تو مچھر جواب دے کہ تمہارا خون میری غذا ہے۔ مجھے بہت اچھا لگتا ہے تم لوگوں کا خون چوسنا۔ وغیرہ۔ اسی طرح معلم طلبہ کو ہدایات دیں کہ وہ مزاحیہ سوال جواب تیار کریں اور ایک رول پلے کی طرح جماعت کے سامنے پیش کریں۔ اس رول پلے کو اسمبلی میں بھی کروایا جا سکتا ہے۔ | حشرات الارض میں سے کسی ایک پر کوئی نظم تلاش کر کے کاپی میں لکھ کر لائیے:<br>(یہ نظمیں دوسرے دن جماعت میں سنی جائیں) |
| ۳ | ۱۵ | ۱۲۳ | غزل (الطاف حسین حالی) | جدید شاعری کے بڑے شاعر سے طلبا کو متعارف کروانا<br>غزل کی تشریح | معلم پہلے خود اس غزل کو اس کے مخصوص اور خوبصورت انداز میں پڑھیں۔ ہر بچہ باری باری غزل کا ایک شعر پڑھے۔ شعر پڑھتے ہوئے آواز کے اتار چڑھاؤ کا بخوبی خیال رکھے۔ طلبہ کو گروپ میں بٹھایا جائے۔ جماعت کو سات گروپ میں تقسیم کیا جائے۔ ہر گروپ کو ایک ایک شعر دیا جائے۔ طلبہ سے کہا جائے کہ وہ گروپ میں اپنے دیے گئے شعر کا مطلب لکھیں اور آپس میں تبادلہ خیال کر کے اس کی تشریح لکھنے کی کوشش کریں۔ اس دوران معلم فرداً فرداً ہر گروپ میں جا کر طلبہ کی مدد کریں اور ان کی معاونت کریں۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ کو اس غزل کا سب سے خوبصورت شعر کون سا لگا؟ وجہ پسندیدگی بھی لکھیے۔ |
| ۴ | | ۱۲۴ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>ردیف قافیہ لکھنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>غزل کے ردیف قافیہ لکھیں | مشق ۲ کر کے لائیں<br>غزل کو زبانی یاد کریں |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۵ | | | مشق ۴۔۷ | واحد جمع کا جملوں میں استعمال<br>خط نویسی | واحد الفاظ کو جمع اور جمع الفاظ کو واحد میں تبدیل کریں اور جملے بنائیں<br>اپنے پسندیدہ شاعر کو خط لکھیں | مشق ۵۔۶ کر کے لائیں |
| ۶ | | | | سرگرمی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | معلم طلبہ کو بتائیں کہ جیسا کہ اس غزل میں شاعر نے اشعار کے ذریعے یہ پیغام دیا ہے کہ محنت، امید، صبر، شکر یہ وہ عمدہ اوصاف ہیں جو زندگی کو بہتر بناتے ہیں۔ معلم طلبہ سے کہیں کہ وہ انفرادی طور پر ان اوصاف میں سے کسی بھی ایک پر چند جملوں میں اپنی رائے دیں۔ یہ کام زبانی کروایا جاسکتا ہے۔ طلبہ ان کے بارے میں رائے دیتے ہوئے یہ بھی بتائیں کہ اگر ہم اس وصف کو اپنائیں تو اس سے ہماری زندگی اور معاشرے پر کیا اثر پڑے گا۔ زبانی ہر بچے سے اس کے خیالات پوچھے جائیں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | اس غزل میں کن اخلاقی صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟ کیا آپ میں یہ اخلاقی صفات موجود ہیں؟ کون سی خوبی ایسی ہے جو آپ میں موجود ہے اور اس سے آپ کو بہت فائدہ ہوتا ہے؟ |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرہواں، سولہواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
|---|---|---|
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۶ | ۳ | نعت | حضورﷺ کا مقام و مرتبہ ذہن نشین کرانا<br>نعت کی تشریح | معلم جماعت میں داخل ہوتے ہی طلباء کو اقبالؔ کا ایک شعر سنائیں<br>نقش قدم نبیؐ کے ہیں جنت کے راستے اللہ سے ملاتے ہیں سنت کے راستے<br>طلباء سے اس شعر کا مطلب پوچھیں۔ جو جواب دے اس کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں سے ان کی پسند کے کچھ نعتیہ اشعار بھی سنے جا سکتے ہیں۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور ان کو بتائیں کہ محمدؐ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور جس نے محمدؐ کی پیروی کی اور ان کی سنت پر عمل کیا وہ گویا اللہ کے پسندیدہ بندوں میں شمار ہو گیا۔<br>استاد نعت کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں | اپنی پسندیدہ نعت خوش خط لکھ کر لائیں۔ |
| ۲ | | | | نعت کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نعت کی بلند خوانی کروائے تاکہ نعت ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نعت پڑھے | |
| ۳ | | ۴ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>قواعد سے آگاہی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>استاد دی گئی قواعد سمجھائیں اور مصرعوں کی نثر لکھوائیں۔ | مشق ۳۔۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۵۔۶ | علامت فاعل اور مفعول<br>جملے بنانا | بچے علامت فاعل اور مفعول کے بارے میں پڑھ چکے ہیں لہٰذا اس کا اعادہ کیا جائے اور پھر مشق کروائیں۔<br>دیے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۵ | | ۴ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | نعت یاد کرنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت میں نعت خوانی کا مقابلہ کروایا جائے۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۶ | ۱۷ | ۲۰ | ایک آرزو | طلباء علامہ اقبال کی فطری شاعری سے روشناس کروانا | سب سے پہلے طلباء سے پوچھیں کہ مشہور نظم ''بچے کی دعا'' کس نے لکھی ہے؟ طلبہ اپنی رائے دیں اگر انہیں نہ معلوم ہو تو معلم بتائیں۔ اس کے بعد طلبہ سے مزید سوالات کیے جائیں مثلاً پاکستان کے قومی شاعر کون ہیں؟ پاکستان کا خواب کس نے دیکھا؟ اس کے بعد بتائیں کہ اقبال نے قومی اور ملی شاعری کے ساتھ ساتھ فطری شاعری پر بھی توجہ دی اور اپنی شاعری میں قدرتی مناظر کے حسین اور دلکش مرقعے پیش کیے۔ اس کیا یک بہترین مثال وہ نظم ہے جو ہم آج پڑھیں گے۔ | علامہ اقبال کی فطری شاعری پر مبنی کسی اور نظم سے کچھ اشعار لکھ کر لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۷ | ۲۰ | ایک آرزو | نظم کی بلند خوانی<br>سرگرمی | پہلے استاداس نظم کوخوبصورت انداز میں آوز کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھیں۔اس کے بعد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائی جائے۔ ہر بچہ باری باری نظم کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھےاور مطلب بھی بتائے۔ جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | مشق ۱ کر کے لائیں |
| ۲ | | ۲۱۔۲۲ | مشق ۲۔۴ | نثر نویسی<br>اسم علم کی اقسام کی پہچان | دیے گئے مصرعوں کی سادہ نثر لکھیں<br>استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۳ | | ۲۲ | مشق ۵۔۶ | واحد جمع کی تبدیلی اور جملے بنانا<br>اشعار کی تشریح | دیے گئے واحد الفاظ کی جمع اور جمع کی واحد بنا کر جملوں میں استعمال کریں<br>دیے گئے اشعار کی اپنے الفاظ میں تشریح کریں | مشق ۷ کر کے آئیں |
| ۴ | | ۲۱ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>پاکستان کے تفریحی مقامات سے آگاہی | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>استاد ہر طالب علم سے اس کے پسندیدہ تفریحی مقام کا نام اور اس کی پسندیدگی کی وجہ پوچھے | شاعر کی طرح کیا آپ کوئی خواہش رکھتے ہیں؟ لکھ کر لائیں۔ |
| ۵ | ۱۸ | ۶۴۔۶۵ | گلیلیو | ایک عظیم سائنس دان سے متعارف کروانا<br>سبق کی پڑھائی | طلبہ سے پوچھیں کہ سائنسدان کون ہوتا ہے؟ کیا آپ کسی سائنسدان کا نام بتا سکتے ہیں اور یہ بھی کہ اس نے کیا چیز ایجاد کی ہے؟ کیا آپ کو کسی سائنسدان کے بڑے کارنامے کے بارے میں معلوم ہے؟ اپنے ملک کے کسی سائنسدان کا نام معلوم ہے؟ پھر موضوع پر آئیں<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | نیٹ کی مدد سے گلیلیو کی تصویر کا پرنٹ لے کر کاپی پر چسپاں کریں اور سبق سے چند بنیادی معلومات لکھیں |
| ۶ | | ۶۶ | مشق ۲۔۳ | مرکب عطفی کی پہچان<br>الفاظ کے معنی لکھنا | استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں<br>دیے گئے الفاظ کے دو دو معنی لکھیں | مشق ۱ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشا پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۸ | ۶۷ | مشق ۴-۵ | حرف علت کی پہچان<br>مرکب جملے | سب سے پہلے دو جملے الگ الگ لکھے مثلاً: **میں گھر جارہا ہوں۔ میری طبیعت خراب ہے۔**<br>اب بچوں سے کہیں کہ اگر ہم ان دو جملوں کو ملا کر لکھیں تو کیسے لکھیں گے۔ ہر بچہ اپنی اپنی رائے دے گا۔اس کے بعد معلم ان دو جملوں کو ملا کر اس طرح لکھیں: **میں گھر جارہا ہوں کیونکہ میری طبیعت خراب ہے۔** پھر بتائیں کہ اس جملے میں **کیونکہ** حرف علت ہے۔ کچھ اور مثالیں دیں اور مشق کروائیں۔<br>دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مرکب جملے بنوائیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۲ | | | سرگرمی | سائنسی نمائش | طلبہ کے لیے ایک سائنسی نمائش کا انعقاد کروایا جائے۔ معلم سائنس کے استاد سے مدد لیتے ہوئے ایک سائنسی نمائش کا انعقاد کرواسکتے ہیں۔ یا پھر بچوں کے بنائے سائنسی ماڈل اگر اسکول میں رکھے ہوں تو وہ دکھائے جاسکتے ہیں۔ | مشق ۷: کونسلر کے نام صفائی کی درخواست لکھیں |
| ۳ | | ۶۶ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>ماڈل بنانا | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلباء دوربین یا پنڈولم کا ماڈل بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔ | |
| ۴ | ۱۹ | ۶۸-۶۹ | بحث وتکرار | طلباء کو گفتگو کے آداب سکھانا<br>سبق کی پڑھائی | طلباء کو ایک آڈیو کے ذریعے چند لوگوں کی گفتگو سنوائی جائے جس میں مختلف انداز گفتگو ہو مثلاً کوئی شائستہ انداز میں ہو، کوئی غصے اور بدتمیزی والے انداز میں ہو، کوئی طنزیہ لہجے میں ہو اور کوئی چیخنے کے انداز میں ہو۔ پھر طلباء سے رائے لی جائے کہ ان کو کون سی گفتگو اچھی لگی۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | مشق ا کر کے لائیں |
| ۵ | | | مشق ۳-۴ | قواعد سے آگاہی | استاد دی گئی قواعد کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشقیں کروائیں اور کوشش کریں کہ ہر بچہ اس میں حصہ لے۔ | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۶ | | | مشق ۵-۶ | قواعد سے آگاہی<br>مرکب اضافی کے اجزاء کی پہچان | استاد دی گئی قواعد کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں اور کوشش کریں کہ ہر بچہ اس میں حصہ لے<br>دیے گئے جملوں میں سے مضاف، مضاف الیہ اور حرف اضافت الگ الگ لکھیے۔ | سبق کے مطابق دوران گفتگو آپ کن کن باتوں کا خیال رکھتے ؟: |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چوتھاہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ا۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | | | مشق ۷۔۸ | قواعد سے آگاہی<br>مختصر نوٹ | استاد دی گئی ہدایات بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں<br>آداب گفتگو پر مختصر نوٹ لکھیں | مشق ۹ کر کے لائیں |
| ۴ | | | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا ہ<br>مباحثہ کرنا | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلباء کی دو ٹیمیں بنوا کر موبائل فون کے استعمال کر مباحثہ کروائیں۔ | : |
| ۵ | ۲۰ | ۷۲ | دو بہرے سناشاؤں کی ملاقات | معیاری مزاح سے لطف اندوز کروانا اور اردو کے مزاحیہ شاعر سے تعارف<br><br>نظم کی تشریح | طلباء سے پوچھیں کہ کسی کو اگر کوئی مزاحیہ شعر آتا ہو تو سنائے یا یوٹیوب یا ملٹی میڈیا کی مدد سے طلباء کو ایک مزاحیہ مشاعرہ کی چند جھلکیاں یا ایک دو شعراء کے مزاحیہ کلام سنوائے یا دکھائے جائیں۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ یہ نظم مشہور شاعر سید ضمیر جعفری نے لکھی ہے۔اس نظم میں انہوں نے دو لوگوں کے درمیان گفتگو میں مزاح کا رنگ بھرا ہے اور یہ بتایا ہے کہ جب دو بہرے آپس میں بات چیت کر رہے ہوں تو کس طرح کی صورتحال وقوع پذیر ہوتی ہے۔<br>اس کے بعد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائی جائے۔ ہر بچہ باری باری نظم کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے اور مطلب بھی بتائے۔ جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | طلباء سے مزاحیہ اشعار یا قطعہ یا کوئی مختصر نظم یاد کر کے اور لکھ کر لانے کو کہا جائے۔ |
| ۶ | | ۷۳ | مشق ۲۔۳ | نثر نویسی<br>اشعار کی تشریح | دیے گئے اشعار کی نثر لکھوائیں۔<br>دیے گئے اشعار کی تشریح کروائیں | مشق ا کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پانچواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۰ | ۷۴ | مشق ۶۔۷ | حرف تشبیہ کی پہچان<br>متلازم الفاظ لکھنا | استاد دی گئی ہدایات بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں۔<br>دیے گئے الفاظ کے متلازم الفاظ لکھیں۔کوشش کریں کہ ہر بچہ اس میں حصہ لے کیوں کہ یہ ایک دلچسپ مشق ہے۔ | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۲ | | | مشق ۸<br>سرگرمی | مکالمہ نگاری | سب سے پہلے طلباء کو بتایا جائے کہ دو یا دو سے زائد لوگوں کے درمیان آپس میں گفتگو کے دوران مکالمے ادا کرنے کو مکالمہ نگاری کہتے ہیں۔اس کے بعد استاد کی رہنمائی میں دیے گئے موضوع پر مکالمے لکھے جائیں اور اس کے بعد ان لکھے گئے مکالموں پر دو طلباء کا انتخاب کر کے مزاحیہ رول پلے کروایا جائے۔ | نظم میں دو بہروں کے مکالموں کی نثر بنائیے۔مثلاً:<br>پہلا بہرہ: آداب۔کہو کیا حال ہے |
| ۳ | | ۷۳ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>مزاحیہ بیت بازی | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلباء میں مزاحیہ اشعار کی بیت بازی کروائی جائے۔طلباء اشعار پہلے یاد کر چکے ہیں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۴۔۵ | ۲۰ | ۷۵۔۷۷ | ریل گاڑی | ایک اہم ذریعہ آمد و رفت کے بارے میں معلومات<br><br>سبق کی پڑھائی<br>سرگرمی | ایک کل جماعتی گفتگو میں طلباء سے انفرادی طور پر چند سوالات کریں مثلاً آپ اسکول آنے جانے کے لیے کون سی سواری استعمال کرتے ہیں۔پھر مختلف ذرائع آمد و رفت کے بارے میں کچھ سوال کریں پھر موضوع کی طرف آئیں اور پوچھیں آپ میں سے کس کس نے ریل گاڑی میں سفر کیا ہے؟ اس کی کیا بات اچھی یا بری لگی وغیرہ۔<br>طلبہ اس سبق کی انفرادی طور پر پڑھائی کریں اور سبق کے اہم نکات خط کشید کریں۔سبق پڑھنے کے بعد ہر بچہ اپنے جوڑی دار کے ساتھ سبق پر تبادلہ خیال کرے۔اس کے بعد fish bowl سرگرمی کروائی جائے۔اس میں جماعت کے تمام بچے دائرے کی صورت میں بیٹھیں اور درمیان میں دو کرسیاں رکھی جائیں گے۔کوئی بھی دو بچے آمنے سامنے بیٹھ کر سبق کے چند نکات بتائیں۔جماعت کے تمام بچے سنیں۔اس طرح باری باری دو بچے آئیں اور سبق کے اہم نکات منظر عام پر لائیں۔<br>جہاں ضرورت ہو وہاں معلم مدد کریں اور طلبہ کی رہنمائی کریں۔ | آپ کی پسندیدہ سواری کون سی ہے اور کیوں؟ اس کی خصوصیات بتائیے اور تصویر بھی بنائیے یا لگائیے: |
| ۶ | | ۷۷ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>قواعد سے آگاہی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے الفاظ کے تذکیرہ اور تانیث لکھیے | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۰ | ۷۸ | مشق ۴۔۵ | جمع سالم اور جمع مکسر کی پہچان<br>مہمل الفاظ کی مشق | استاد دی گئی قواعد تفصیل کے ساتھ سمجھائیں اور دونوں مشقیں کروائیں۔ اور کوشش کریں کہ ہر بچہ اس میں حصہ لے۔ | مشق ۷:<br>کسی ریل کے سفر کی روداد لکھیے |
| ۲ | | | سرگرمی | مطالعاتی دورہ | طلباء کو ریلوے اسٹیشن کا مطالعاتی دورہ کروایا جاسکتا ہے اور ریل گاڑی بھی دکھائی جاسکتی ہے۔ | |
| ۳ | | | مشق ۶<br>نئے الفاظ | جملوں کی درستگی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | دیے گئے جملوں کو درست کر کے لکھیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں |
| ۴ | ۲۱ | ۷۹۔۸۲ | لوک کہانی | طلباء کو لوک داستانوں سے متعارف کروانا<br><br>سبق کی پڑھائی | ا۔ ایک کل جماعتی گفتگو میں طلبہ سے انفرادی طور پر پوچھیں کہ کیا آپ کو کہانیاں پڑھنے کا شوق ہے؟ کیا آپ کو پتا ہے کی اس کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟ جب سب بچے بتا چکیں تو پھر موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ کہانی کی ایک قسم لوک داستان بھی ہوتی ہے۔ یہ کہانیاں وہ ہوتی ہیں جن سے کسی بھی ملک کی ثقافت معلوم ہوتی ہے۔ ان کہانیوں کی بدولت ہمیں اس جگہ کی طرز معاشرت اور طرز زندگی کا اندازہ ہوتا ہے۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے دوران بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | مشق ا کر کے لائیں |
| ۵ | | | مشق ۳۔۴ | عدد اور معدود کی پہچان<br>صفت نسبتی کی یاد دہانی | ستاد دی گئی قواعد تفصیل کے ساتھ سمجھائیں اور دونوں مشقیں کروائیں۔ اور کوشش کریں کہ ہر بچہ اس میں حصہ لے۔ | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۶ | | | سرگرمی | تحریری صلاحیت ابھارنا | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے۔ کہانی میں جن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے اس حوالے سے ہر گروپ کو ایک ایک عنوان دیا جائے: مثلاً ا۔ اگر میں کسی ملک کا بادشاہ ہوت۔ ۲۔ اگر میں سورج ہوتا۔ ۳۔ اگر میں بادل ہوتا<br>ہر گروپ اپنی پسند سے کوئی عنوان منتخب کریں اور آپس میں تبادلہ خیال کر کے اس پر ایک پیرا گراف تحریر کرے۔<br>ہر گروپ سے ایک بچہ اپنے لکھے گئے پیرا گراف کو پڑھ کر سنائے۔ جس کا پیرا گراف سب سے اچھا ہو اس کو جماعت میں آویزاں کیا جائے۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## اساتذہ کے لیے تدریسی خاکہ علم ادب کلاس ۔۸

### معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم) ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۱ | | مشق ۵۔۶ | قواعد سے آگاہی<br>ضرب الامثال کی درستگی | دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔<br>دیے گئے جملوں میں ضرب الامثال کی غلطیاں درست کر کے لکھیں۔ | مشق ۷:<br>کہانی کا مختصر خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیں |
| ۲ | | | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>پاکستانی لوک کہانی | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلباء پاکستانی لوک کہانیوں میں سے اپنے پسند کی کہانی کا پیوں میں درج کریں۔ | |
| ۳ | ۲۲ | ۸۴ | بارش کا پہلا قطرہ | بچوں کو حوصلہ افزائی کی ترغیب دینا<br>نظم کی تشریح | سب سے پہلے استاد طلباء کو اسماعیل میرٹھی کی کسی نظم کے چند اشعار سنائیں جو طلبہ نے اپنی پچھلی جماعت میں پڑھی ہو اور پوچھیں کہ اس نظم کے شاعر کون ہیں؟۔اس کے بعد معلم موضوع کی طرف آتے ہوئے طلباء کو بتائیں کہ ادب کی دنیا میں بہت کم نام ایسے ہیں جنہوں نے بچوں کے لیے ادب تخلیق کیا۔ان میں سے ایک نام اسماعیل میرٹھی کا ہے۔ انہوں نے بچوں کے لیے نہ صرف نظمیں لکھیں بلکہ مضامین بھی تحریر کیے۔انہوں نے اپنی ساری عمر قوم اور خاص طور پر بچوں کی بھلائی کے لیے صرف کر دی۔آج بھی ہم انہی کی ایک نظم پڑھیں گے جس میں انہوں نے ہمیں پیغام دیا ہے کہ ہمیں کوئی بھی کام کرنے میں ہچکچانا یا گھبرانا نہیں چاہیے اور ہمت اور حوصلہ سے قدم بڑھانا چاہیے۔<br>اس کے بعد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائی جائے۔ ہر بچہ باری باری نظم کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے اور جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔استاد اس کا مطلب بتائیں۔دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | نیٹ کی مدد سے اسماعیل میرٹھی کی بچوں کے لیے لکھی گئے کوئی نظم یاد کریں اور خوش خط لکھ کر لائیں |
| ۴ | | ۸۵ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>نثر نگاری | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے اشعار کی نثر لکھیے۔ | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۵ | | ۸۵۔۸۶ | مشق ۴۔۵ | جملے بنانا/ خالی جگہ بھرنا | دیے گئے محاورات کے معنی لکھیں اور جملے بنائیں۔حرف تشبیہ استعمال کر کے خالی جگہ بھریں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۸۶ | مشق ۸۔۹ | ہم آواز الفاظ/حرف اضافت | دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ معنی کے ساتھ لکھیں۔حرف اضافت کا استعمال کر کے خالی جگہ بھریں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۲۲ | ۸۵ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>خوش خطی | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلباء بارش کے موضوع پر نظیر اکبرآبادی کی کوئی نظم تلاش کر کے لکھیں۔ | |
| ۴ | ۲۳ | ۸۷۔۸۹ | عوامی شاعر<br>نظیر اکبرآبادی | اردو کے پہلے عوامی شاعر کے بارے میں معلومات فراہم کرنا<br><br>سبق کی پڑھائی | طلباء سے پوچھا جائے کہ ان کو شاعری پسند ہے۔اور کس کی۔طلبہ سے وجہ پسندیدگی بھی پوچھی جائے۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آتے ہوئے پوچھیں کہ وہ کون سے شاعر ہیں جنہیں عوامی شاعر کہا جاتا ہے؟نظم ''آدمی نامہ'' جو بہت مشہور نظم ہے کس نے لکھی ہے؟(طلبہ یہ نظم جماعت ہفتم میں پڑھ چکے ہیں لہٰذا وہ بتا دیں گے)اگر نہیں تو معلم انہیں خود بتائیں کہ ''نظیر اکبرآبادی'' کو عوامی شاعر کہا جاتا ہے اور ''آدمی نامہ'' ان کی مشہور و معروف نظم ہے۔نظیر اکبرآبادی نیچرل شاعری کے بانی ہیں۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۵ | | ۸۹۔۹۹ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>حرف شرط و جزا کی پہچان | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔ | مشق۲ کر کے لائیں۔ |
| ۶ | | ۹۰ | مشق ۴۔۵ | لاحقوں کی یاد دہانی<br>محاورات کی درستگی | دیے گئے لاحقوں سے الفاظ بنا کر جملوں میں استعمال کریں<br>دیے گئے جملوں میں محاورات درست کر کے لکھیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | سرگرمی | سوالات کے ذریعے سبق ذہن نشین کرنا | طلبہ کو چار چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے اور ہر گروپ سے کہا جائے کہ وہ سبق کا بغور مطالعہ کریں اوراس میں سے چار چار سوال بنائیں۔گروپ کو نمبر دیے جائیں مثلاً ۱۔۲۔۳۔۴۔۵۔۶۔جب تمام گروپ چار چار سوال بنالیں تو ان سوالات کا آپس میں تبادلہ کیا جائے۔جب تمام گروپ ان سوالات کے جوابات لکھ لیں تو آخر میں ہر گروپ سے ایک بچہ اپنے لکھے گئے جوابات جماعت میں پڑھ کر سنائے۔ | پچھلی جماعتوں میں پڑھائے گئے کوئی دس محاورات معنی کے ساتھ لکھ کرلائیں |
| ۲ | | ۸۹ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | نظم پڑھنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلباء سے نظیر اکبرآبادی کی کسی نظم کو ترنم سے پڑھوایا جائے<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۳۔۴ | ۲۴ | ۹۱۔۹۳ | دنیا کے عجوبے | طلباء کو عجائبات کے بارے میں آگاہی دینا<br>سبق کی پڑھائی<br>سرگرمی | طلباء سے چند سوالات کریں مثلاً عجوبہ کسے کہتے ہیں؟ کیا آپ نے کبھی کوئی عجوبہ دیکھا ہے؟ دنیا کے سات عجائبات کا نام سنا ہے؟اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ جس چیز کو دیکھ کر تعجب یعنی حیرانی ہوا سے عجیب اور عجوبہ کہتے ہیں۔آج ہم جانیں گے کہ قدیم دور کی تعمیرات کے حیرت انگیز نمونوں میں وہ کون سے سات عجوبے ہیں جنہیں عجائبات عالم میں شمار کیا جاتا ہے۔قدیم دور کے ان عجائبات میں سے چھ عجوبوں کے آثار ختم ہو چکے ہیں۔صرف ایک کے آثار باقی ہیں۔اس کے علاوہ ہم جدید دور کے سات عجائبات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کریں گے۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔سبق کی پڑھائی کے بعد دیے گئے لنک سے یوٹیوب پر موجود دور جدید کے عجائبات پر ڈاکومنٹری دکھائی جائے۔ https://www.youtube.com/watch?v=_00CC7BIHhg | بچوں کو چار یا پانچ کے گروپ میں تقسیم کریں۔ہ گروپ ممبر کی مدد سے دور جدید کے ساتوں عجائبات کی تصاویر کا کمپیوٹر پیپر پر پرنٹ نکال کرلائے۔<br>(نوٹ: یہ پرنٹ آگے دی گئی سرگرمی میں استعمال ہوں گے) |
| ۵ | | ۹۴ | مشق ۲۔۳ | قواعد کی یاددہانی | دی گئی قواعد طلباء کو تفصیلا مثالوں کی مدد سے سمجھائیں اور مشق کروائیں | مشق ۱ کرکے لائیں |
| ۶ | | ۹۴۔۹۵ | مشق ۴۔۶ | محاورات کی درستگی<br>جملے بنانا | دیے گئے جملوں میں محاورات درست کر کے لکھیں<br>دیے گئی تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں | مشق ۵ کرکے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دسواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۴ | | سرگرمی | معلومات اکٹھی کرنا | جدید عجائبات میں سے دیوارچین کے بارے میں معلومات درج ہے لیکن بقیہ عجوبوں کے صرف نام ہیں لٰہذا معلم ان بقیہ چھ عجوبوں کے حوالے سے معلومات اکٹھی کریں۔ چھ الگ الگ چارٹ پیپر لیے جائیں اور ہر چارٹ پیپر پر ایک عجوبے کی تصویر اور اس کے بارے میں معلومات درج ہو۔ان چھ چارٹ پیپر کو جماعت میں تھوڑے تھوڑے فاصلے پر آویزاں کیا جائے۔<br>☆ طلبہ کو چار یا پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے۔(گروپ ان ہی بچوں پر مشتمل ہوگا جو پرنٹ نکالتے وقت تھے)۔اب ہر گروپ کو ہر چارٹ پر درج معلومات پڑھنے یا نوٹ کرنے کے لیے پانچ منٹ دئے جائیں۔اس کے بعد ہر گروپ سے کہا جائے کہ وہ اپنی معلومات متعلقہ عجائبات کے پرنٹ پر درج کریں۔سب سے اچھے کام کو جماعت میں آویزاں کیا جائے۔ | آپ کو دورجدید کے کون سے دو عجائبات سب سے اچھے لگے اور کیوں؟ لکھ کر لائیں |
| ۲ | | ۹۵<br>۹۴ | مشق ۷<br>نئے الفاظ | دعوت نامہ لکھنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | استاد دیے گئے دعوت نامے کے نمونے اور ہدایات بچوں کو سمجھائیں اور دعوت نامہ لکھوائیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۳ | ۲۵ | ۹۶۔۹۷ | کتے | اردو کے ایک بڑے مزاح نگار سے متعارف کروانا<br><br>سبق کی پڑھائی | طلبا سے انفرادی طور پر ایک کل جماعتی گفتگو میں سوال کریں کہ آپ میں سے مطالعہ کی عادت کس کس کو ہے؟ کس قسم کی کتابیں پڑھنے کا شوق ہے؟ کس کی تحریر اچھی لگتی ہے وغیرہ۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ آج بھی ہم ایک مزاحیہ تحریر پڑھیں گے جو ایک مشہور و معروف مزاح نگار پطرس بخاری کی لکھی ہوئی ہے۔ان کی تحریر معیاری اور باوقار ہے۔ان کے مزاح میں برا رکھ رکھاؤ ہیا اور وہ اپنی مزاح نگاری کو تمسخر اور طنز سے آلودہ نہیں کرتے۔<br>استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | پطرس بخاری کے متعلق نیٹ کی مدد سے کچھ معلومات جمع کریں اور مختصر نوٹ لکھ کر لائیں۔ |
| ۴ | | ۹۸ | مشق ۳۔۴ | قواعد سے آگاہی | استاد دی گئی قواعد تفصیل کے ساتھ سمجھائیں اور دونوں مشقیں کروائیں۔ | مشق ۱۔۲ کر کے لائیں |
| ۵ | | | مشق ۵ | محاورات کا استعمال | دیے گئے محاورات کے معنی لکھیں اور جملوں میں استعمال کریں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۹۹ | مشق ۷ | رسید بنانا | کتاب میں دی گئی ہدایات بچوں کو تفصیل سے اور مزید مثالوں کے ذریعے سمجھائیں اور دی گئی رسید بنوائیں۔ | |
| ۷ | | ۸۹ | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### گیارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۵ | <br>۹۷ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | لطائف کا مقابلہ<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | بچوں میں لطائف کا مقابلہ کروایا جائے۔اس مقصد کے لیے چار چار بچوں کا گروپ بنایا جائے<br>بچوں کو نئے الفاظ کے معنی پڑھائیں اور یاد کروائیں | |
| ۲ | ۲۶ | ۱۰۰ | غزل | شاعری کی ایک صنف غزل سے متعارف کروانا<br>غزل کی تشریح | استاد طلبا سے پوچھیں آپ میں سے کس کس کو شعروشاعری کا شوق ہے؟ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ نظم اور نثر میں کیا فرق ہے؟ آپ پچھلی جماعتوں میں جن شعراء کی نظمیں پڑھ چکے ہیں ان میں سے کچھ کا نام بتائیں پھر اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ غزل نے دوسری اصناف سخن کے مقابلے میں اتنی مقبولیت حاصل کی ہے کہ اسے ''ام الاصناف'' کا درجہ حاصل ہے۔اس کے پہلے شعر کو جس کے دونوں مصرعوں میں ردیف وقافیہ کا التزام ہوتا ہے مطلع کہا جاتا ہے۔سب سے اچھا شعر بیت الغزل کہلاتا ہے اور آخری شعر کو جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرے مقطع کہلاتا ہے۔<br>اس کے بعد بچوں سے غزل کی بلند خوانی کروائی جائے۔ ہر بچہ باری باری غزل کا ایک شعر صحیح ادائیگی کے ساتھ پڑھے اور جہاں بچوں کے لیے مشکل ہو وہاں استاد مدد کریں۔استاد اس کا مطلب بتائیں۔دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | اس غزل کے شاعر خواجہ میر درد کے بارے بنیادی معلومات جمع کریں اور ایک مختصر نوٹ لکھ کر لائیں۔ |
| ۳ | | ۴۰ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>ردیف اور قافیے | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>پڑھائی گئی غزل کے ردیف اور قافیے لکھیں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۴۔۶ | مطلع اور مقطع کی پہچان | استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں۔کوشش کریں کہ جماعت کا ہر بچہ اس میں حصہ لے۔ | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | صوفیانہ کلام یاد کرنا | طلباء دوسرے شعراء کے صوفیانہ کلام یاد کر کے آئیں اور کلام میں سنائیں۔ | |
| ۶ | | | مشق ۷<br>نئے الفاظ | ضرب الامثال کے معنی جاننا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | دی گئی ضرب الامثال کے مفہوم لکھیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

# معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## بارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱-۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۲۷ | ۱۰۲-۱۰۴ | آب پاشی کا زیرزمین نظام: کاریز | طلباء کو آب رسانی کے قدیم طریقے سے آگاہ کرنا<br>سبق کی پڑھائی | استاد طلبا کو بتائیں کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور ہمارے ملک کی بیشتر آبادی زراعت سے وابستہ ہے اور دیہات میں رہتی ہے۔لوگ زیادہ تر کھیتی باڑی کا کام کرتے ہیں۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ ان کھیتوں کو پانی دینا آبپاشی کہلاتا ہے جو کے لیے بہت سے طریقے استعمال کیے جاتے ہیں۔ان میں سے ایک طریقہ کاریز کے ذریعہ آب پاشی ہے۔<br>اس کے بعد استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | نیٹ کے ذریعے معلوم کریں کہ پاکستان میں کھیتوں میں آبپاشی کے کیا کیا ذرائع استعمال کیے جاتے ہیں۔تصویری چارٹ بنائیں |
| ۴ | | ۱۰۴-۱۰۵ | مشق ۱-۳ | سوالات کے جوابات<br>قواعد کی یاددہانی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>استاد دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | پیشکش تیار کرنا | طلبہ کو کمپیوٹر لیب لے جایا جائے۔چار چار کے گروپ بنوائے جائیں۔ہر گروپ سے کہا جائے کہ وہ آب پاشی کے مختلف ذرائع میں سے کسی بھی ایک ذریعہ یا طریقہ کے بارے میں کمپیوٹر سے معلومات اکٹھی کریں اور پاور پوائنٹ پر تین یا چار سلائیڈز میں ایک پیشکش تیار کریں۔اور اس کا پرنٹ آؤٹ لے لیا جائے۔<br>☆ جماعت میں واپس آ کر ہر گروپ اپنی پیشکش (جو پرنٹ آؤٹ لیا تھا) جماعت کو دکھائے اور اس میں لکھی ہوئی معلومات پڑھ کر سنائے۔ | آپ کے خیال میں آب پاشی کا کون سا نظام آج کے دور میں زیادہ بہتر اور کارآمد ہے؟ اپنی رائے دیجیے اور اس طریقہ کار کے بارے میں بتائیے نیز آپ کو یہ طریقہ کیوں موزوں لگا؟ |
| ۶ | | ۱۰۵ | مشق ۴-۶ | متشابہ الفاظ<br>ضرب الامثال کی درستگی | استاد طلبا کی متشابہ الفاظ کی پچھلی معلومات کی جانچ کریں اور پھر مشق کروائیں<br>جملوں میں استعمال ہونے والے ضرب الامثال کو درست کر کے لکھیں | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیرہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۷ | ۱۰۵<br>۱۰۴ | مشق ۷<br>نئے الفاظ | نوٹ لکھنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | سبق کی مدد سے کاریز پر مختصر نوٹ لکھیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۲ | ۲۸ | ۱۰۵۔۱۰۸ | پاکستان کے قومی ادارے | پاکستان کے اہم قومی اداروں سے متعارف کروانا<br>سبق کی پڑھائی | استاد طلبا سے چند سوالات کریں مثلاً کسی بھی ملک کا نظام کس طرح چلایا جاتا ہے؟ کون سی چیز ملک کو چلانے اور ترقی دینے میں کارفرما ہوتی ہے؟ پھر بتائیں کہ کسی بھی ملک کا نظام چلانے اور اسے ترقی دینے کے لیے کچھ ادارے قائم کیے جاتے ہیں۔ پھر بتائیں ہمارے ملک میں بھی اس کے نظام کو چلانے کے لیے کچھ ادارے قائم کیے گئے ہیں۔آج ہم ان چند اہم ترین اداروں کے بارے میں جانیں گے جو ملک کے نظام کو چلانے اور اس کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے میں کارفرما ہیں۔<br>اس کے بعد استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | ۱۰۹ | مشق ۲۔۳ | مرکب توصیفی کی پہچان<br>جمع سالم اور مکسر کی یاد دہانی | استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں<br>دیے گئے الفاظ میں سے جمع سالم اور مکسر الگ الگ لکھیں | مشق ۱ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | سبق سے مزید آگاہی | استاد سبق میں دی گئی تمام معلومات کی روشنی میں سوالات تیار کریں اور بچوں کا ایک کوئز پروگرام ترتیب دیں۔ جماعت کی دو ٹیمیں بنائی جائیں۔ معلم تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں اور اس پر ٹیم اے اور ٹیم بی لکھیں۔ سبق کے حوالے دونوں ٹیموں سے سوالات پوچھیں۔ صحیح جواب پر ٹیم کو نمبر دیں۔ اس طرح سبق کی دہرائی بھی ہو جائے گی اور بچوں کی دلچسپی بھی رہے گی۔ | |
| ۵ | | | مشق ۴۔۵ | مرکب عطفی کی یاد دہانی<br>جملے بنانا | دیے گئے مرکب عطفی کے اجزاء لکھیے<br>دیے گئے سابقوں کی مدد سے جملے بنائیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۱۰۹ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | مطالعاتی دورہ<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلباء کسی بھی قومی ادارے کا مطالعاتی دورہ کروایا جائے<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

# معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲۹ | ۵۸۔۵۹ | نصیر اور خدیجہ | راشد الخیری اور کلاسیکی ادب سے متعارف کروانا<br><br>سبق کی پڑھائی | استاد طلبا سے چند سوالات کریں جیسے ہمارے سب سے قریبی رشتے کون سے ہوتے ہیں؟ کیا آپ گھر میں اپنے بہن بھائیوں کا خیال رکھتے ہیں؟ اپنے رشتے داروں میں آپ سب سے زیادہ کس کے گھر آتے جاتے ہیں؟ وغیرہ۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ بحیثیت مسلمان ہم پر ایک دوسرے کے کچھ حقوق ہوتے ہیں جو حقوق العباد کہلاتے ہیں۔ آج جو سبق ہم پڑھیں گے اس میں اسی پر زور دیا گیا ہے اور اس کی اہمیت سمجھائی گئی ہے جو ایک بہن خط کی صورت میں اپنے بھائی کو بتا رہی ہے۔<br>اس کے بعد استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | اپنے گھر میں آپ سب سے زیادہ کس سے پیار کرتے ہیں اور کیوں؟ مختصر لکھ کر لائیں |
| ۲ | | ۶۰ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>علامات وقف کا استعمال | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے پیراگراف میں ضرورت کے مطابق علامات وقف لگائیں | مشق ۱۔۴ کر کے لائیں |
| ۳ | | ۶۱ | مشق ۵۔۶ | تجنیس معنوی کی پہچان<br>املے کی درستگی | بچوں کو دی گئی قواعد تفصیل سے مثالوں کے ذریعے سمجھائیں اور مشق کروائیں<br>املا کی جانچ اور یاد دہانی کے لیے بچوں سے کچھ سوالات کریں۔ پھر دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں | مشق ۷: سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھ کر لائیں |
| ۴ | | | سرگرمی | خط نویسی | تمام طلبا کو ایک ایک کمپیوٹر پیپر دیا جائے اور کہا جائے کہ وہ اپنے چھوٹے بھائی یا بہن یا پھر کسی کزن کو خط لکھیں اور انہیں بتائیں کہ بہن بھائیوں کو آپس میں ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے اور ایک دوسرے کی ہر مشکل وقت میں مدد کرنی چاہیے اور یہ کہ ہمیں ان کے حالات سے ہمیشہ باخبر رہنا چاہیے۔ سب سے اچھے خط کو سوفٹ بورڈ پر لگایا جائے۔ | اپنے کسی ضرورت مند عزیز کو کوئی تحفہ دیں |
| ۵ | | ۶۰ | مشق ۸<br>نئے الفاظ | محاورے کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | سبق میں استعمال ہونے والے محاوروں کی فہرست بنائیں اور معنی لکھیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦ | ۳۰ | ۱۱۳ | غزل | اردو کے ایک عظیم شاعر کی شاعری سے طلبا کو آ گاہی دینا<br><br>غزل کی ادائیگی اور تشریح سرگرمی | طلبہ چونکہ ''غزل'' سے متعارف ہو چکے ہیں اور پہلے ایک غزل پڑھ چکے ہیں جس میں انہیں تفصیل سے غزل کے بارے میں بتایا جا چکا ہے لہٰذا طلبہ کی جانچ کے لیے ان سے غزل کے حوالے سے چند سوالات پوچھے جائیں مثلاً ۱۔غزل کیا ہوتی ہے؟ ۲۔اس کی کیا خاص بات ہے؟ مطلع اور مقطع کیا ہوتا ہے؟ وغیرہ۔ پھر موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ آج بھی ہم ایک غزل پڑھیں گے اور اس کے شاعر غالب ہیں اور آپ میں سے ہر ایک ان کے نام سے واقف ہے۔<br>جماعت کو سات گروپ میں تقسیم کیا جائے۔ ہر گروپ کو ایک ایک شعر دیا جائے۔طلبہ سے کہا جائے کہ وہ گروپ میں اپنے دیے گئے شعر کا مطلب لکھیں اور آپس میں تبادلہ خیال کر کے اس کی تشریح لکھنے کی کوشش کریں۔اس دوران معلم فرداً فرداً ہر گروپ میں جا کر طلبہ کی مدد کریں اور ان کی معاونت کریں۔اس کے بعد استاد غزل کو اس کے مخصوص اور خوبصورت انداز میں پڑھیں اور اس کا مطلب بتائیں۔طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | جماعت کا ہر بچہ غالب کے اشعار جتنے ہو سکے یاد کرے۔<br>استاد اس سلسلے میں طلباء کی رہنمائی کریں۔ہو سکے تو دیوان غالب فراہم کیا جائے۔ |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

پندرہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۰ | ۱۱۴ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>نثر نویسی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے اشعار کی نثر لکھیں | مشق ۳۔۴ کر کے لائیں |
| ۲ | | | مشق ۵۔۶ | محاورات کا جملوں میں استعمال<br>اشعار کی تشریح | دیے گئے محاورات کے معنی لکھیں اور جملوں میں استعمال کریں<br>دیے گئے اشعار کی تشریح کروائیں۔ | |
| ۳ | | | سرگرمی | مطالعاتی دورہ | طلبا غالب کے اشعار یاد کر چکے ہیں۔ اب ان کے درمیان مقابلہ کروایا جائے اور ان سے اشعار سنے جائیں۔ اشعار کی تعداد اور ان کی ادائیگی پر نمبر دیے جائیں جس بچے کو سب سے زیادہ اشعار یاد ہوں اور ادائیگی اچھی ہو اس کے لیے تالیاں بجوائی جائیں۔ | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۸<br>نئے الفاظ | درخواست لکھنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | بجلی کی لوڈ شیڈنگ پر متعلقہ محکمے کو درخواست لکھیں۔ استاد کی معاونت شامل رہے گی۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۵۔۶ | ۳۱ | ۱۱۵۔۱۱۸ | توبہ توبہ | ادب کی ایک قسم ڈرامے سے متعارف کروانا اور اخلاقیات کی تعلیم دینا<br><br>سبق کی پڑھائی | طلبا کو بتائیں کہ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اردو ادب کی ایک صنف ڈرامہ ہے۔ اس کے بعد طلبا سے پوچھیں کہ کون کون ڈرامہ شوق سے دیکھتا ہے؟ پھر ان کو بتائیں کہ ڈرامہ یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی عمل یا اداکاری کے ہیں۔ پھر پوچھیں ایک ڈرامہ آپ ٹی وی پر دیکھتے ہیں لیکن ایک اور جگہ بھی ڈرامہ دکھایا جاتا ہے۔ طلبا اسٹیج ڈرامہ کے بارے میں بتائیں گے۔ تو ان سے پوچھیں آپ میں سے کس کس نے اسٹیج ڈرامہ دیکھا ہے۔ پھر موضوع کی طرف آئیں کہ آج ہم جو سبق پڑھنے جا رہے ہیں وہ ایک مختصر سا ڈرامہ ہے جس میں اخلاقیات کو موضوع بنایا گیا ہے<br>ڈرامے میں چار کردار ہیں لہٰذا چار بچوں کو کھڑا کیا جائے اور اس ڈرامے میں موجود کرداروں کے مکالموں کی ادائیگی کروائی جائے۔ بچوں کو یہ ہدایت دی جائے کہ وہ ان مکالموں کو اس طرح ادا کریں کہ ان میں حقیقت کا رنگ نظر آئے۔ اس طرح سبق کی پڑھائی عمل میں لائی جائے۔ پڑھائی کے دوران طلبا نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں | اسٹیج ڈرامے اور ٹی وی ڈرامے میں کیا فرق ہے اپنے الفاظ میں لکھ کر لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاددوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### سولھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۳۱ | ۱۱۹ | مشق ۳۔۴ | قواعد سے آگاہی<br>محاورے لکھنا | دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں<br>اب تک طلبا بہت سے محاورات پڑھ چکے ہیں۔ دیے گئے الفاظ پر محاورے ان کے معنی کے ساتھ لکھوائیں | مشق ۱ کر کے لائیں |
| ۴ | | | مشق ۵۔۶ | جملے بنانا<br>مرکب جملے میں تبدیل کرنا | دی گئی تراکیب کو جملوں میں استعمال کریں<br>مناسب حرف لگا کر دیے گئے جملوں کو مرکب جملوں میں تبدیل کریں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | ڈرامہ کی ادئیگی | طلبہ کو گروپ میں تقسیم کیا جائے۔ ہر گروپ سے کہا جائے کہ وہ اس ڈرامے ''توبہ توبہ'' کو جماعت کے سامنے پیش کرے۔ ہر گروپ اسی ڈرامے کی ریہرسل کرے۔ اس کے کرداروں کے مکالمے یاد کرے اور اگر مکالموں میں کوئی تبدیلی کرنا چاہے تو اسے اجازت دی جائے۔ اس کے علاوہ اگر وہ کچھ تبدیلیاں کرنا چاہے تو اسے موقع دیا جائے۔ ہر گروپ اس ڈرامے کو جماعت کے سامنے پیش کرے گا۔ | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۶ | | ۱۱۸ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>ڈرامہ لکھنا | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلبا سے انسانی ہمدردی کے موضوع پر ایک مختصر ڈرامہ جو کہ دو یا تین کردار پر مشتمل ہو لکھوایا جائے۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیادِ دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### سترھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۲ | ۱۲۰۔۱۲۱ | فوج کے شانہ بشانہ | شہری دفاع کی اہمیت سے آگاہی دینا<br><br>سبق کی پڑھائی | طلبا کی معلومات کی جانچ لیں اور ان سے پوچھیں کہ جنگ کیا ہوتی ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں یا آپ نے اپنے بڑوں سے سنا ہے کہ جنگ کے دوران کیا ہوتا ہے؟ جس ملک میں جنگ ہو رہی ہو اس ملک میں عوام کی کیا حالت ہوتی ہے؟ شہری اپنے بچاؤ کے لیے کیا اقدامات کرتے ہیں؟ جنگ کون لڑتا ہے۔ پھر موضوع پر آئیں اور بتائیں آج ہم شہری دفاع کی ضرورت و اہمیت سے واقف ہوں گے اور اس کے طور طریقوں کے بارے میں معلومات حاصل کریں گے یعنی جنگ کے دوران وہ کام جو دفاعِ وطن کے لیے شہری انجام دیتے ہیں۔ اس کام کو شہری دفاع کہتے ہیں۔<br>اس کے بعد استاد کی رہنمائی میں طلباء سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے اور مقصد سمجھایا جائے۔ دورانِ بلند خوانی طلباء نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | آپ کے خیال میں ایک اچھے شہری کا فرض کیا ہے اور اسے اپنے ملک کے لیے کیا کیا خدمات انجام دینی چاہییں؟ |
| ۲ | | ۱۲۲ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>عربی مرکب الفاظ | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>عربی حرف اضافت والے مرکب الفاظ تلاش کر کے لکھیں | مشق ۲ کر کے لائیں |
| ۳ | | | مشق ۶۔۷ | ضرب الامثل کی درستگی<br>رسید بنانا | دیے گئے جملوں میں ضرب الامثال کو درست کر کے لکھیں<br>دی گئی ہدایت کی مطابق رسید بنائیں۔ | مشق ۴ کر کے لائیں |
| ۴۔۵ | | | سرگرمی | | طلبا کو گروپ میں تقسیم کیا جائے اور شہری دفاع کے حوالے سے ایک چھوٹا سا ٹیبلو یا رول پلے کروایا جائے طلبا ایسے مناظر پیش کر سکتے ہیں جس میں شہری دفاع کے سلسلے میں کوئی کام کرتے ہوئے دکھایا گیا ہو یعنی شہری دفاع کے رضا کار کیا خدمات انجام دیتے ہیں اور کس طرح کی صورتحال میں انجام دیتے ہیں۔ | مشق ۵ کر کے لائیں |
| ۶ | | | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>شہری دفاع کی مشق | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>طلبہ کو جنگ کی صورتحال میں قومی رضا کاروں اور شہریوں کے کام سے متعلق یوٹیوب سے کوئی منظر دکھایا جائے تاکہ شہری دفاع کا مقصد واضح ہو سکے۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### اٹھارواں، انیسواں ہفتہ

| عنوانات | مقاصد تدریس | طریقہ تدریس |
|---|---|---|
| اعادہ | امتحان کی تیاری | ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں |